سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ

دھرتی بپتا

ذلّت ، نکبت اور رسوائی
میری بستی پر ہے چھائی
بھائی کا دشمن ہے اب بھائی
میرے مولا ، تیری دہائی
پنڈت ، پیر اور میر ، مُکھی
سب ہیں مورکھ اور ہرجائی
"سادمرادے" بستی والے
ہے پردھانوں کی بن آئی
بانجھ ہوئی کیا دھرتی میری؟
بیر جسے نا کوئی مائی!

خادم حسین

"ساتھ ساتھ"

گوپی بھی ناچتی تھی ، کنھیّا کے ساتھ ساتھ
"حبیبی" تھرک رہا تھا "حیّی" کے ساتھ ساتھ
کہتے ہیں راہِ عشق میں مشکل مقام ہیں
ملاح ڈوب جاتا ہے ، نیّا کے ساتھ ساتھ
ہر شہر میں بنی ہوئی یہ آرٹ کونسلیں
بہنیں بھی محو رقص ہیں بھیّا کے ساتھ ساتھ
لوگوں نے سچ کی راہ میں کانٹے بچھا دیئے
بچھو ، سنپولیے ہیں ، تتّیا کے ساتھ ساتھ
ابنِ زیادِ وقت ہیں اور کوفیانِ عصر
شمعون ، بُش ، ٹونی سے بھیّا کے ساتھ ساتھ